Australian Government
AUSTRAC

FIGHTING FINANCIAL CRIME TOGETHER

مشکوک معاملات کی رپورٹیں (suspicious matter reports - SMRs)

ترسیلات زر کی خدمات فراہم کرنے والوں کے لئے حقائق نامہ

مشکوک معاملے کی رپورٹ کیا ہے؟

مشکوک معاملے کی رپورٹ یا SMR ایسی رپورٹ ہے جو آپ کو اس وقت AUSTRAC کو جمع کروانی ہوتی ہے جب آپ کو کسی صارف یا ٹرانزیکشن پر شبہ ہو۔

آپ کو SMR اس وقت لازما دینی ہے جب آپ کو شبہ ہو کہ کوئی سرگرمی ممکنہ طور پر دہشت گردی کے لئے مالی معاونت، منی لانڈرنگ یا کسی کامن ویلتھ، اسٹیٹ یا ٹیریٹری قانون سے متعلقہ ہو سکتی ہے، چاہے آپ یقین سے نہ کہہ سکتے ہوں کہ کسی جرم کا ارتکاب کیا جا رہا ہے۔

آپ کو اس وقت بھی مشکوک معاملات کی رپورٹ AUSTRAC کو لازما دینی ہے جب آپ نے بالآخر خدمت فراہم نہ کی ہو یا چاہے آپ سے کسی صارف نے محض کچھ پوچھا ہی ہو اور جو مشکوک معلوم ہوتا ہو۔

SMRs رپورٹ کرنا کیوں ضروری ہے؟

SMRs سے AUSTRAC اور (قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں سمیت) ہمارے شراکت داروں کو تحقیقات کرنے اور سنگین جرائم کی روک تھام کرنے میں مدد ملتی ہے۔ آپ کی SMR کسی معاملے کی ایسی کڑی ہو سکتی ہے جس سے کسی جرم کو روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔

آپ کی SMR میں ایسی نہایت اہم معلومات ہو سکتی ہیں جن سے کسی جرم کی موجودہ تحقیقات میں معاونت مل سکتی ہے یا جس سے کسی مجرمانہ سرگرمی کی شناخت، اس سے بچاؤ اور اسے روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔

SMRs رپورٹ کر کے آپ اپنے کاروبار اور کمیونٹی کو مجرمانہ سرگرمیوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔

SMRs کب اور کیسے رپورٹ کی جائیں

آپ کو ان اوقات کے اندر اندر SMR لازمی رپورٹ کرنی چاہئے:

- دہشت گردی کے لئے مالی معاونت سے متعلق شبہ ہونے کے 24 گھنٹوں کے اندر
- کسی اور معاملے سے متعلقہ شبہ ہونے کے تین دنوں کے اندر

SMRs کی درست تیاری

SMRs کی درست تیاری سے آپ کے کاروبار کا وقت بچے گا اور اس سے AUSTRAC کو ان نہایت ضروری معلومات کی وصولی یقینی بنے گی جنھیں ہماری قانون نافذ کرنے والی اور شراکت دار ایجنسیاں استعمال کر کے کسی مجرمانہ سرگرمی کو روک سکتی ہیں۔ ذیل میں کچھ مفید مشورے ہیں جن پر عمل کر کے آپ اپنی فراہم کردہ SMRs میں معیاری معلومات شامل کرنا یقینی بنا سکتے ہیں۔

درج ذیل پر عمل کریں

- ✔ ابتدا میں ہی بتائیں کہ آپ کے خیال میں کیا ہو رہا ہے۔ پہلے پیراگراف میں ہمیں بتائیں کہ آپ کو شبہ کیوں ہے، اس کے بعد پارٹیوں اور شبے سے متعلقہ سرگرمی کے بارے میں مزید تفصیلات فراہم کریں۔ تحریر کو واضح اور جامع رکھیں۔
- ✔ بتائیں کہ رپورٹ کی جانے والی سرگرمی میں کیا چیز غیر معمولی ہے۔
- ✔ اضافی معلومات اور سیاق وسباق شامل کریں۔ آپ کا شبہ ٹرانزیکشن سے متعلق ہو سکتا ہے، لیکن رویّوں اور مشاہدات سے متعلق شبہات بھی ہو سکتے ہیں۔ اگر اطلاق ہوتا ہو تو صارف کے رویّے اور اس کی ظاہری وضع قطع کے بارے میں اپنے مشاہدات بھی شامل کریں۔
- ✔ رپورٹ کی جانے والی اکائیوں اور دیگر صارفین کے مابین متعلقہ تعلقات بھی شامل کریں۔ مثال کے طور پر خاندانی رشتہ دار یا کاروباری شراکت دار۔
- ✔ اسپیلنگ، پتے، تاریخ پیدائش اور شناختی تفصیلات بالکل درست لکھیں۔
- ✔ اگرچہ ایسا ہر وقت عیاں نہیں ہوتا، تاہم براہ مہربانی اپنی بہترین نشاندہی کریں کہ کونسے مشتبہ جرم کا ارتکاب ہو رہا ہے۔

درج ذیل سے گریز کریں

- ✗ اکائیوں یا سرگرمی کے بارے میں معلومات کو بار بار دہرانا۔
- ✗ شبے کی لمبی وجوہات یا lengthy Grounds For Suspicion (GFS) فراہم کرنا۔ واضح اور جامع رہیں۔
- ✗ قانون نافذ کرنے والی یا سرکاری ایجنسیوں کی جانب سے جاری کردہ وارنٹس یا نوٹس یا پھر غیرمناسب تصاویر منسلک کرنا۔
- ✗ ایسے کاروباروں کے بارے میں غیرضروری تفصیلات شامل کرنا جو مشہورومعروف ہیں یا جن کے بارے میں معلومات کو بآسانی تلاش کیا جا سکتا ہے۔
- ✗ GFS سیکشن میں پولیس افسران یا عملے کے نام یا رابطہ تفصیلات شامل کرنا۔

مت بھولیں

- قانون کے مطابق، آپ کی جانب سے فراہم کردہ SMRs کو AUSTRAC اور ہماری شراکتی ایجنسیاں بصیغۂ راز رکھتی ہیں۔ SMR کو عدالت اور ٹریبونل کارروائیوں میں بطور ثبوت استعمال نہیں کیا جا سکتا۔
- جب تک کسی معاملے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مداخلت ضروری نہ ہو، آپ کو چاہئے کہ آپ AUSTRAC کے علاوہ کسی اور کو نہ بتائیں کہ آپ کو کسی صارف کے بارے میں شبہ ہوا ہے یا یہ کہ آپ نے SMR رپورٹ کی ہے۔ اس کے برعکس، اگر آپ نے پولیس کو کسی چیز کی رپورٹ کی ہے تو زیادہ امکان یہ ہے کہ آپ کو اس بارے میں AUSTRAC کو بھی رپورٹ کرنے کی ضرورت ہے۔
- کسی اکائی سے مزید معلومات لیتے ہوئے آپ کو محتاط رہنا چاہئے تاکہ اکائی کو آپ کے شبے کے بارے میں پتہ نہ چلے یا اندازہ نہ ہو۔ اس طرح پتہ چلنے یا اندازہ ہونے سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لئے کسی بھی مجرمانہ سرگرمی کی تفتیش کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔
- یہ یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کسی مشتبہ سرگرمی کی شناخت کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں، اپنے کاروبار کے طریقۂ کار کا باقاعدگی سے جائزہ لیتے رہیں۔
- SMRs جمع کروانے سے AUSTRAC پر آپ کے کاروبار کا منفی تاثر نہیں پڑے گا۔ بلکہ اس رپورٹنگ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کے پاس نگرانی کا مضبوط نظام اور AML/CTF پروگرام ہے۔
- جہاں اطلاق ہوتا ہو، اپنی جمع کروائی جانے والی SMRs کے ساتھ متعلقہ CCTV تصاویر، IP ایڈریسز یا فوٹوز منسلک کریں۔
- اضافی وسائل کے لئے AUSTRAC ویب سائٹ اور اپنا AUSTRAC آن لائن اکاؤنٹ دیکھیں۔

D1017